| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: جائزہ2 | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 48 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے مرکب جملوں کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان سے سوال نمبر 2 کے تحت پوچھے گئے سوال کے حوالے سے کسی عمارت کے بارے میں دو دو جملے بولنے کے لیے کہیں۔
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے جملوں کو بورڈ پر لکھیں متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر مفعول کے گرد دائرہ لگوائیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیے گئے جملے پڑھوائیں اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیے گئے خط کو کاپی میں لکھوائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے خط سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت | |
| **مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، ٹوکری، تصویریں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں:

☆مسلمانوں کے تیسرے خلیفہ کا نام بتائیں۔

- درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔
- اس پر لکھ دیں:"لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 49 کھلوائیں۔ بچوں سے باری باری ان پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔ بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور انھیں سبق کے مختلف حصے تفویض کر دیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگرف کی خواندگی کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔

| |
|---|
| • علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کر کے آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت | |
| **مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔<br>سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت" میں سے کوئی سے اچھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔ اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔
- اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔ درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔ اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ وغیرہ۔ بچوں کے جوابات لیں۔
- بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 51 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "رہائش پذیر" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط

بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- اب بچوں کے 6 گروہ بنادیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 6 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ایک دانے پر نئے الفاظ کے تحت دیے گئے مٹر میں سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہو الفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانوں پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے پھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- سبق سے متعلق کوئی سے پانچ سوالات اور ان کے جوابات کاغذ کی پرچیوں پر لکھ لیں اور انھیں بچوں میں تقسیم کر دیں۔بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے پاس موجود کارڈ کو پڑھیں۔ استاد چند غیر متعلق جواب بھی پرچیوں پر لکھ سکتے ہیں۔
- استاد سرگرمی کو دلچسپ بنانے کے لیے تمام سوالات کسی ایک طرح کے کاغذ (ڈیزائن) اور تمام جوابات کسی دوسری طرح کے (ڈیزائن) یا رنگ کے استعمال سے بھی بنا سکتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر دو کالم بنا کر ایک پر سوال اور دوسرے پر جواب کی سرخی لکھ دیں۔
- استاد بچوں سے کہیں کہ وہ تمام بچے اپنے ہاتھ بلند کریں، جن کے پاس سوالات والی پرچیاں ہیں۔
- سوالات پر مبنی پرچیوں والے بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری اپنا سوال سنائیں اور سوالات والے کالم کے پاس کھڑے ہوتے جائیں۔جب تمام سوالات کے کارڈ والے بچے اپنی متعلقہ پر پہنچ جائیں تو استاد باری باری ان سے اپنے اپنے سوال کو پڑھنے کے لیے کہیں۔
- تمام بچے غور سے سوال سنیں اور پھر جس بچے کے پاس اس کا درست جواب ہو، وہ سوال کے اختتام پر بنگو کہتا ہوا اس بچے کے پاس جا کر کھڑا ہو جائے اور جواب پڑھے۔اسی طرح تمام سوالات کے جوابات حاصل کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔اب الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کا پیوں پر لکھیں اور الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، جملوں پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی، اس بچے سے سبق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات میں سے متعلق کوئی سوال پوچھیں۔ بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی کوئی سے تین سوالات پر مزید کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم پڑھائے گئے سبق سے متعلق درست جوابات کی شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں، جن پر دو ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے تین غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے دو کارڈ اس حساب سے کل 10 کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) اب بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے درست جواب کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔
لُغت کی مدد سے اعراب لگا سکیں۔
عبارت پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔
- جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق "حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔

- اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق "حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ" سنائیں گے / گی۔ انھوں نے سبق "غور سے سننا ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں کو سبق "حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ" سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق "حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ" سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔
- اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنائیں اور انھیں لغت دیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیئے گئے الفاظ کی پرچیاں بچوں کو دیں اور انھیں لغت کے استعمال کا مختصراً اعادہ کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ لغت میں الفاظ الف بائی ترتیب سے لکھے ہوتے ہیں۔ دیئے گئے الفاظ کو لغت میں تلاش کریں اور وہاں سے دیکھ کر اعراب لگائیں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈالیں۔ متفرق بچوں کے سامنے ٹوکری لے کر جائیں اور پرچی نکلوائیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس سے عبارت کی پڑھائی کریں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ عبارت کو غور سے سنیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات بتائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ایک گروہ کو سبق کے اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔ دوسرے گروہ کو غلطی کی صورت میں اصلاح کرنے کے لیے کہیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت | |

**مقاصد:** فعل، فاعل اور مفعول کی پہچان کر سکیں۔
دی گئی درخواست لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، درخواست لکھنے کے اصول پر مبنی پرچیاں، ٹوکری، سادہ شیٹس

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے فعل اور فاعل کی تعریف پوچھیں۔
- بورڈ پر لکھیں: "وہ الفاظ جو کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کریں، فعل کہلاتے ہیں۔ جبکہ وہ الفاظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کریں، فاعل کہلاتے ہیں۔
- اب سوال نمبر 8 اور 9 کو مثالوں کی مدد سے حل کروائیں۔
- درخواست لکھنے کے اصول پرچیوں پر الگ الگ لکھ دیں اور یہ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ بچوں کے چھے گروہ بنا دیں اور یہ ٹوکری باری باری ان کے سامنے لے جائیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے اصول پڑھیں اور سوچیں کہ درخواست لکھتے وقت وہ اصول کس نمبر پر آتا ہے اور اس میں کیا لکھا جاتا ہے۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر درخواست لکھنے کے اصول بے ترتیب لکھ دیں۔
    - تاریخ
    - خطاب
    - القاب و آداب
    - درخواست گزار
    - عنوان
    - نفسِ مضمون
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے درخواست لکھنے کے متعلقہ اصول بورڈ پر تلاش کر کے اس کو درست نمبر دینے اور ان سے متعلقہ جملے لکھنے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- درخواست کس کس موضوع پر لکھی جا سکتی ہے؟
- درخواست لکھنے کے کتنے اصول ہیں اور وہ کون کون سے ہیں؟
- درخواست کا مضمون کیسا ہونا چاہیے؟ وغیرہ۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ درخواست کا مضمون انتہائی سادہ، آسان اور واضح ہونا چاہیے۔ بورڈ پر درخواست کا خاکہ بنائیں اور بچوں کو درخواست لکھنے کا نمونہ سطر بہ سطر لکھ کر بتائیں۔
- جیسے: بخدمت جناب کے بعد، جس کے نام درخواست لکھنا مقصود ہو، ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس لکھیں اور ساتھ ہی اسکول کا نام بھی تحریر کریں۔
- گزارش ہے کے بعد اپنا مدعا تحریر کریں۔ جیسے: "مودبانہ گزارش ہے کہ مجھے گھر پر ایک ضروری کام ہے جس کی وجہ سے میں اسکول حاضر نہیں ہو سکتا۔ مہربانی فرما کر مجھے ایک دن کی رخصت عنایت فرمائیں۔ آپ کی عین نوازش ہو گی۔"
- اس کے بعد العارض کے نیچے اپنا مکمل نام لکھیں۔
- جماعت کے سامنے اپنی جماعت مع فریق لکھیں اور مورخہ کے سامنے تاریخ لکھیں۔
- اپنے والد صاحب یا گھر کے کسی بڑے کے دستخط ضرور کروائیں۔
- بچوں کو تمام باتیں تفصیل سے بتائیں۔
- اب ایک ٹوکری میں سرخ اور سبز رنگ کے بٹن ڈال کر ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔ جب سب بچے بٹن اٹھا لیں تو ایک جیسے رنگ کے بٹن والے بچوں کا ایک گروہ بنا دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک سادہ شیٹ دیں۔ جن پر مندرجہ ذیل عنوان لکھا ہو:
- <u>اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام "حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت" کے موضوع پر اسکول میں ایک مباحثہ کروانے کی اجازت طلب کرنے کے لیے درخواست لکھنا</u>
- بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر دیے گئے عنوان پر درخواست اپنی شیٹوں پر لکھیں۔ اس کے لیے اہم معلومات اور مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ دیں تاکہ بچوں کو لکھنے کے دوران میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ بچوں کو جواب لکھنے کے لیے مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنی لکھی ہوئی درخواست سنانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب موضوع سے متعلق درخواست بچوں کی مدد سے بورڈ پر لکھوائیں۔ بچوں سے اس کی بلند خوانی بھی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور موضوع سے متعلق درخواست لکھیں۔ کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا رہنمائی کی ضرورت ہو فراہم کریں۔ لکھائی کی صفائی اور املا کی درستی کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) اعادے کے طور پر درخواست لکھنے کا طریقہ ایک بار پھر بتائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے موضوع سے متعلق درخواست کا متن بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں

۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔